U

2

بسم الله الرحمن الرحیم

الهی کهول دلپر باب انصاف — که بی پرده عیان هو روی حق صاف

اوٹها دلسی میری تو غیر کا رنگ — یه آئینه رهی کبتک ته زنگ

کر ایسی مشتعل وه شمع توفیق — که هو ظلمت زدا از روی تحقیق

نهون آشفته پهر هر پوچ گفتار — نه مارون سر بهر یک سنگ دیوار

هویدا هو هر یک زره مین خورشید — مٹی دهو کها که یه هی عمر یه زید

الا ایساقی میخانه جود — کهولی دلکا میری یه باب مفقود

عنایت منصفی کا کر مجهی جام — بحق مصطفی و آل عظام

ایک روز

ایک روز بیچ دار الخلافه شاهجهان آباد کی محفل دوستان
همرنگ کی اور مجلس مخلصان یکرنگ کی اب پاشی گفتگو
حکایات عجیب سی چمن چمن رنگین اور روایات غریب سی گلشن
گلشن طراوت آگین تهی اوسی ضمن مین مذکور عدالت
نصفت حضرت فردوس آرام گاه محمد شاه بادشاه صاحب
قران سلطان ابن سلطان خاقان ابن خاقان نبیره امیر
تیمور گورکان صاحب قران کشورستان کا درمیان آیا
اوپر اسطرح کی که بیان هوتا هی **احوال عاشق هونی مرزا
مشتاق بیک کا** بیچ عهد خلافت سلطنت حضرت فردوس
آرامگاه کی ایک شخص قوم مغل نام مرزا مشتاق بیک
جوان بهت خوبصورت خوش قد سجیلا گویا سانچی کا بهرا
سرخ سپید رنگ عاشق مزاج عمر بیس اکیس برس رهنی والا

مغل پورہ کا کہ وہ ایک محلہ اوسی شہر شاہجہان آباد
بہشت بنیاد کا ہی وقت چار گہڑی روز باقی رہی واسطہ
رفع غم اور تفریح طبیعت پر الم کی اتفاق سیر باغ
بہار او تماشا کوچہ و بازار مرزا مشتاق کا محلہ چورام
مین پڑا واہ واہ وہ عجب محلہ دل چسپ جی لگن ہی کہ
اوپر ہر کوچہ اوسکی فردوس برین خوبی سُتہرائی اپنی
قربان کرتا ہی اور اوپر جمال حور مثال پری پامال امرد
عورات بالغہ نورس حسن سرشت کی حور بہشت کی حسن
معشوقی اپنی کا فدا کرتی ہی **فرد** اسکو تو نکہہ کوچی اوراق
مصوّر ہی ؎ جو شکل نظر آئی تصویر نظر آئی ؎ وقت شام
کی عورات گلبدن نرگس چشم کمان ابرو لالہ رخسار
تیر پلک سنبل زلف سیمین تن سرمہ دنبالہ دار انکہون مین

ریختین

ریختین مسّی کی جمی ہوئین گویا تکڑی الماس کی بیچ نیلم
کی جڑی ہین اور اوسکی اوپر پان کا چبانا بعینہ بلا تصنع
شفق ایام برشکال کا نمونا ہی موی شانہ سی صاف کر
بسمہ اوپر چہری کی مل ہزارون زینت حشمت ناز دلبری
کرشمہ دلداری کی سی ہر یک اپنی اپنی گہر اوپر بالاخانی
کی واسطی ہوا کہانی کی بیٹہ تین گویا کہ بلا ریب ایک
مشرق سی ہزارون آفتاب اور ماہتاب ہویدا ہوتی ہین
نظر حور فریب سی سیر ہر چہار طرف کی کرتی تہین ہنکا ما دلبری
دلداری کا گرم تھا اونہین مین ایک محبوبہ معشوقہ ساہو
کار بچی **من چین** نام عمر تیرہ چودہ برس زلف مانند کمند کی
اوپر رخسارہ کی لٹکتی ہوئی ارادہ پہاندنی دل دردمندونکا
رکہی تہی چہرا ایسا روشن چمکنی والا گویا چاند چودہوین

رات کا خوب روشني صفايي سي اوپر بالا خانه کي نازل
هوا يا سورج هزارها خوبي زيبائي سي اوپر لب بام کي
طالع هوا جو مرزا عاشق پيشه جمال پري تمثال اوس
ماه آسمان محبوبي کي سي چشم دوچار هوا في الفور
تير نگاه بي پرواه اوس جادو نگار سحر کار کا اوپر
نشانه سينه بريان جگر سوزان جوان کي ايسا بيٹها
تالب سوفار پر خانه هوا فرد نظر اوسکي پڑا جدم
وه دلربش کيا بيچاره يک جهکي مين از خويش
نجاني تهي نکهه يا تير تاتار که بي تحريک زه دلسي هوا
پار مانند مرغ نيم بسمل کي هزارها درد زاري
جلني گلني بيقراري کي سي اوپر خاک خواري
کي لوٹني لگا بلبل روح في چاها که پنجره اربع عناصر

وجود کيسي نکل طرف باغ عدم کي پرواز کري قريب
دو گهري کي مانند طاير تصوير کي بيحس و بيحرکت رها
پهچهي کيتي ايک کي کچهه هوش آيا مينے سنا که آه سرد
دل پر درد سي کهينچتا تها اور يه شعر تکرار کرتا مثنوي
اري کردون دون يه کيا کياري يه دلسا نقديون
ارزان ليا ري تيري ماتهون سي بلبل ناله کش هي تجهي
سي کل صدا آشفته وش هي دئي تين جان شيرين دم
مين برباد تيري سر پر هي ثابت خون فرهاد اسيطرح
مجنون کي مانند زبان درد مند فرياد فغان کرتا هوا
کهر مين تيکر حيران سرسان بيهوش بيهواس اوبر بستر
نا اميدي کي گرابيت نه اوسکو کچهه سخن کهني کا يارا
نه اوسکو جز خموشي اور چارا چند روز اسيهي وطيره

پر گذري سرخ سپيد رنگ اوسکا جون هلدي مايل بسبزي
مثل لاجورد کي هوا وقوع اس احوال کيسي اکثر آشنا
همدرد عورت اور مرد پرسش احوال بطريق بيمار
پرسي کي کرتي جوان جو کرداب دريا حيرت کي مين
غرق تها مانند طوطي تصوير کي هرگز زبان ساته کسو کي
بولني سي آشنا نکرتا دريافت کرنا دلاله کا پهر احوال مرزا کا
قضا کارا وسي محله مين متصل حويلي مرزا مشتاق
کي ايک ضعيفه زاله فرتوت دلاله رهتي تهي که ازبس
ضعيفي سي سر اوسکا ساته قدم کي همراز اور موي
مانند جارو ب زمين سي دمساز سن سال عمر کا مثل
ريگ بيابان بي شمار مصرعه گويا تهي ماه رگيتي کي
داني هيچ علم کتابي دلاله گري کي جالينوس اول

يا ارسطاطاليس

يا ارسطاطاليس دوم کهي بجا هي اوپر احوال بدحال
عشق پامال جوان کي سوراغ عقل فهم کيسي دريافت
کرکي شتاب شتاب مانند گيند کي سر پا هون مين ڈالے
گرتي پڑتي گرد مين ملي هوئي پاس جوان خانمان سوزان
سينه بريان کي آئي مثل مادر مشفق مهربان کي پيشاني
چومني سر و رو سي گرد پاک کي آنسو آنکهون سي پونچهي
باتين پياري پياري جي کي بهاتي خوش آمد آميز اس ڈهب
سي کهي سنتي هي اوسکي جوان ني گنج بهيد کا ساته مدد کاري
زبان کي زمين دل کي سي سراسر باهر نکالا يعني سير
محله جو رام کا اور نظر آنا اوس غارت گر هوش مردم
فريب ساهوکاري جي کا سرتا بيان کيا فوراً دريافت
کرکي کتني دغاباز حيله ساز راه عياري ظاهر داري کي

سونہ اپنا نوچ پہر کوٹ سینہ بہت حسرت افسوس
سی کہا کہ ای جوان خاطر پریشان دل حیران دیدہ
و دانستہ خرمن عیش نشاط کا آتش بیحرمتی رسوائے
کی سی کیون جلاتا ہی اور شیشہ ننگ و ناموس
جد و پدر کا سنگ خرابی بدنامی کی سی کیون چور
کرتا ہی باز آ باز آ عشق وہ بدبلا ہی کہ بادشاہان
تخت نشین آسمان تمکین کتئین پریشان سرگردان
خوار نزار کوچہ و بازار ملامت کا کیا ہی اور خردمندان
افلاطون زمان کتئین پیشہ بلاگردانی حیرانی پشیمانی
جنگل پہاڑ محنت کا دیا ہی باری خاطر سرسان سینہ
بریان جگر سوزان چشم گریان کو صبر فرمای کر خلوتکدہ
غمگینی سی نکل اوپر ہوا خانہ جمعیت کی بر آ و الا نہ

تو بہی

تو بہی مانند قیس کی مجنون کوہ و ہاملون کا ہوگا یا
مثال فرہاد کی بی حصول مراد کی جان شیرین اپنی کا
سر چراویگا غرض کہ اسہی ڈہب کی گفتگو
میٹہی میٹہی باتین چکنی چکنی واسطہ امتحان مزاج جوان
زخم رسیدہ کی کہا جگر درد اثر جوان کا سنان مژگان
اوس فرشتہ خصلت پری صورت سی مانند خانہ زنبور
سوراخ سوراخ تہا مرہم پند و نصیحت کی سی اندمال پذیر
نہ ہوا بلکہ کار نمکریزی کا کیا یعنی زیادہ تر بیقرار
ہو کر یہہ شعر پڑہا **نظم** عشق مین ابرو کمان کی یار
ہونا ہو سو ہو ہوگیا یہ تیر دل کی پار ہونا ہو سو ہو
عشق مین شیرین دہن کی جی دیا جون کوہ کن اس مین
کر رسوا ہو یا ہو خوار ہونا ہو سو ہو ابتو اس دریا مین

کودي سب طرح سي جان بوجهه موج هو يا غرق هو
يا پار هونا هو سو هو اب گريبان چاک کيجيي چل
بيابان کي طرف ديکهي يه بهي مزا ايکبار هونا هو سو هو
بوڈهيا عذار مکّار اپني جي مين سمجهي که شکار پر و بال
بسنه هاته آيا باطن مين بهت خوش هوئي شکر
بجالائي که اب تهوڑي سي سعي مين قوّت خاطر جمعي
کا مال اس جوان عقل پامال کي سي حاصل
هوتا هي يهه سمجهه طرف جوان کي خطاب کيا که اي
فرزند دردمند بادهٔ پهاڑ عشق کا اوپر سر دل کي
تو ني اوٹها يا جگر دار هو عشق کا مرتبه بس بلند هي
اور راه سخت بي کمند هي که جالينوس هوش خيال
کي ديکهني اوسکي جگه پهٹتي هين اور شهباز عقل

فهم کي طرف کنکره اوسکي ايک پرواز مين پر و بال کٹتي
هين اس راه پر بلا هين خطرات بي غايت آفات لانهايت
پيش آوينگي پس ايسا نه کيجيو که ايک صدمه مين جاسي
بيجا هو کوچه عشق کي پا باهر نکالي اور يه ضعيفه وه هي اگر
پري دشت يا حور بهشت هو ايک افسون مين دست
بسته حاضر هو ليکن مدت سي يه فن جهوڑا اور عهد کيا
که جب تئين ايام زندگي کي جو تهوڑي سي باقي هين
پهر خيال سحر و فسون کا نکرون اس دم آخري کو ياد
خدا عز و جل کي هين آخر کرون پهر کهو کرد هوا و هوس
نقش نگار دنيا ردون ناهنجار ناپايدار کي که مطلقه سلطان
ابراهيم ادهم کي هي نه پهرون بقول فارسي گو کي رباعي
حال دنيا سر بسر پريديم از فرزانه کفت يا خوابست يا بادا

یا افسانہ باز پرسیدم کہ چون ہر کس درو دربست دل
گفت یا دیو است یا غولیست یا دیوانہ جوان بی سروسامان
نی کشود گرہ کام بی کشود اپنی کی پیر زالہ محتالہ سی جان کر سر
اوپر قدم اوسکی رکہہ کر کمال منت و زاری سی عرض کیا
ای ماما ہمدرد دلسوز واسطی خدا و رسول خدا کی رہبر گمراہ
جنگل نا امیدی کی ہو والا نہ اسی دم مرغ جانکا تڑپھہ تڑپھہ
پنجرہ اربع عناصر وجود سی پرواز کریگا روز قیامت کی خون
اس مظلوم کا دامنگیر دامن تمہاری کا ہوگا مدعا پیر دلالہ
یہی تہا لیکن بنا بر ظاہر داری یکدو مرتبہ اولش انکار کیا
آخرش کہا ای فرزند دلبند تیری اس جوانی پر رحم آتا ہے
اور شکستگی عہد نزدیک ہر مذہب و ملت کی ناروا اور
عظیم تر گناہ لیکن اللہ تعالی غفور رحیم یعنی بخشنی والا

گناہون

گناہون کا ہی دیدہ دانستہ یہ گناہ اوپر اپنی قبول کیا
خاطر جمع رکہہ شتاب آگ فراق اوس پری فریب کی پانی
وصل کی سی بوجہاؤنگی واسطہ ضرورت کی کچہہ زر نقد
اگر موجود ہو تو بہتر ہی فرد نقشی کہ بر زریست نداند
سرسری این کرد نامہ ایست کہ حاضر کند پری جوان
بمجرد سنتی اس بشارت دلآویز حکایت خوشی انگیز کی
رنگ چہری کا پژمردہ زعفرانی کمال بشاشت سی شگفتہ ارغوانی
ہوا لجاجت سماجت سی دست بستہ عرض کیا ای ماما دلسوز
بخشندہ جان ماسی بہی زیادہ مشفق مہربان ہزار جان قربان
زبان فیض بیان آپ کی ہی جو کچہہ نقد اور اسباب تہا
روبرو حاضر کیا اور کہا فرد دولت دنیا تو یہ کیا چیز ہی
جان بہی حاضر ہی اگر چاہی زالہ مکارہ ہمکی نقد اسباب لی

خوشا خوش اپني گهر مين آئي تمام شب کمال خوشي سي
خواب آنکهون سي آشنا نهوئي جانا دلاله کا محله چورام
مين اور سلسله دوستي کا قايم کرنا من چين سي وقت صبح کي دلاله
آفتاب دلق جوگيانه راست کر جهونپڑي مشرق سي
نکل اوپر گهر هريک دلداده دلرباکي دريوزه گري
کرني لگا بوڈهيا غدّار مکارني بهي خاکستر اوپر چهري کے
مَل پارچه چرک آلوده مٹيالي هزار ميخي درويشانه اوپر
اپني راست کر پشت کوز جهولي بغل مدد عصا کي سي
تگ و دو کرتي افتان و غلطان محله چورام مين اوپر
دروازه حويلي اوس دلارام نرگس چشم گل اندام
حور فريب کي پهنچي جسوقت اندر دروازه کي اوپر
چوکهت ڈيوڑهي زنانه کي قدم رکها عصا کنپ کنپايا

پاؤن

پاؤن کو لغزش دي آه آه کر اوپر فرش خاک کي مانند مرده بيجان
کي دراز هوئي حور مثال پري جمال وغيره عورات حرم سراي
کي ني يهه ديکهه اوپر احوال بد حال ضعيفه کي رحم فرمايکي
هاتهه حيرت کا دانتون افسوس کيسي کاٹا کسوني هاتهه
کسوني ماتها ديکها کسوني گلاب کسوني پاني چهڑکا بعد
کيتي که جب اوسي هوش آيا پوچها اي ماما ضعيفه تم کون
هو اور کهان سي هو بوڈهيا وه مکار سراسر عيّار
که ابليس باوصف شيطنت اور حرفت کي اپني تئين
شاگرد کمترين جانکي لحظه به لحظه لمحه به لمحه بمنزله استاد رشيد
کي قدم اوسکي چونبتا فرد کهي شيطان يه جي چاهي
که خدمت مين رهون ليک هي خوف مجهي آپ کي
بدذاتي کا بزبان لکنت بيان کها بالفعل طاقت گفت شنود

کي نہين يہي کہ ايک ساعت مين قوّت دلکو طاقت زبان
کو ہو وي سرگذشت اپني کہ عجب سرگذشت مصيبت
سرشت ہي بيان کيجي کا استماع اسکي سہي اوس جماعہ
حور مشابہ کو شوق گفت شنود ناشنود کا پيدا خادمہ کو
اجازت دي ابتو اس ضعيفہ کو مکان مطبوع مين اوپر
چہار پائي کي آرام سي لٹاي بعد افاقت طبعيت درستي
ہو اس جمعيت خاطر کي احوال اسکا سُنيي گا اور
وي آپ باتين غريب لطيفہ عجيب انواع انواع
اقسام اقسام کي چہار وچرچا مين مشغول ہوئين
اتفاقاً اوسي ضمن مين تکرار بڈي بہن اوس
ماہ وش مہر نظير کا جو ساہوکار بچي رہني والے محلہ
مٹھائي کي پل کي کدخدا ہوئي تہي بتفصيل احوال

اطفال عيال کي اسم باسم جيسا طريقہ عالم نثار کا ہوتا ہي
درميان آيا زالہ مکارہ ني اگرچہ ظاہر مين اپني تئين بيہوش
بيہواس کر رکہا تہا ليکن باطن مين اسقدر ہوشيار
تہي جو تکرار اوس جماعہ سي درميان آيا گوش جان کي
سُن قلم حافظہ کي سي خوب منقش کيا جي مين خيال
کيا کہ اب دام اس صيد وحشي کا ہاتہہ مين بنا بر مصلحت
وقت کي زيادہ بيہوش کردم بدي بڈي جہوٹي جہوٹي
مانند جانکندن والون کي مارني لگي تاکسو کو ظن درستي
ہو اس شنود کفتار کا نہو اسہي روش قعر بيہوشي
کي سي بغل اوپر جہوترہ ہو اس کي آيي دعا علو مراتب
اور تعريف فقير پروري مسافر نوازي اوس جماعہ
حور پايہ کي کرني لگي وہ آواز اوس دمدمہ ساز حيلہ باز

کاکوش دلنواز سراپا ناز و ادا کي پہنچا في الفور سرو قد
نازک اندام کہ فرد شاخ گل کي سي طرح یہ قد نازک
اوسکا کیا لچکتا تھا اوٹھاتي ہوئي بار دامن ما حزاماں
خرامان پاس اوس مکارہ عیارہ کي تشریف لائي کیے
فرمایا اب کیا حال ہي اور کسطرح بوڈہیاني انکہین
کہول باتین شیرین شیرین خوش آمد چاپلوسي آمیز
اس ڈہب سي کہین کہ بي اختیارہ دل دلدار جادو
نگار کا ہزار جان سي صید دام چرب زباني اوسکي
ہوا غدّارہ مکّارہ سمجہي کہ افسون گري میري
ني اوپر دل سادہ دل کي خوب تاثیر کیا آہ سرد
سینہ سي کہینچ آنسو آنکہون مین ڈبڈبا نہایت ضعف
ناتواني سي عرض کیا کہ مکان مجہ بیکان خانہ خراب کا

اوپر میٹہائي کي پل کي متصل حویلي اوس ساہوکار
کي کہ بیٹا اوسکا بڈي بہن تمہاري سي نام زدہي
مقرر تھا شوہر مجہ کم نصیب بدبخت کا چند سال سي
نوکر صوبہ پیشور کا تہا بہکي اسباب عیش طرب دنیا کا
مہیا موجود بسواي دوري خاوند کي کوئي خار غم کا
دامنگیر دامن خوشي طبیعت کا نہتا في الحقیقت مفارقت
شوہر کي خصوصًا ایام جواني مین سخت عذاب ہي
اللہ تعالی کسو کو نصیب نکري مصرعہ یہ وہ عذاب ہے
دوزخ بہي جس سي جلتا ہي ما خوف الہي پاس ننگ و
نام شوہر نامور ي جد و پدر کي گہوري شہوات نفساني
لذات شیطاني پر سوار ہوکر میدان فسق و فجور کي مین
تک و دو کرنا سخت نامناسب ہي اسوقت استاد

عقل نیک پسندنی یہی صلاح دی عمر جوانی کی اکر
صحبت شوہر عزیز کی مین آخر ہو زہی حظ مصرعہ
زندگی زور تماشا ہی جو ہو یار کی ساتھہ یہ خیال کر
شتاب سب اسباب اپنا ساتھہ لی روانہ پیشور کی
ہوئی جب متصل لاہور کی پہنچی تہی کہ اوسی وقت یہ
خبر جانکداز دل کی چہیدنی والی کسو شخص مسافر سی
سنی کہ فلانا نام جمعدار یعنی خاوند اس بیخاوند کا
فلانی گہاٹی پہار مین شہید ہوا اور تمامی مال اثقال
غارت ہوا بمجرد استماع اس آواز جانکداز کی
بیہوش ہوی پچہاڑ کہای اوپر زمین کی گڑی
جیسا طریقہ ماتم زدونکا مونہہ نوچا سر پیتا سینہ
کوٹا فریاد و فغان کرتی پہر پہچہسی کو پہری اوسہی

اولش

روش جنگل مین روتی پیٹتی آتی تہی کہ یکایک کیتی
سوار قزاق قطاع الطریق آا پہنچی جان بہت
عزیز ہی غم شوہر کا یک لخت فراموش ہوا فکر
بچنی جان کا درپیش آیا موافق مصرعہ کی مصرع کر جان
ہی تو جہان ہی وگر جان نہین تو خیر غرض اسوقت
یہی سوجہی جو زیور و پوشاک بدن مین تہا دور کر
سواری سی نکل برہنہ ایک تہ بند میلا کہنہ باندہ
درمیان بوٹہ چہاڑ کی چہپی اون سوارون نی آتی
ہی کیتی پیادہ برقنداز جو تہی تہوری جنگ تیر و تفنگ
کی رہی پیادہ چندی جو تہی شربت شہادت چکہا
اور جو عورت اور مرد کی باقی تہی اسیر کر معہ تمامی
اسباب غارتکر لیگئی یہ بدبخت پارچہ ستر پوشی

قوت شبینہ سی محتاج ہو بہو کی پیاسی پہر پیچہی کو پہرے
چند روز مین داخل شہر کی ہوئی اگو اس سی
زبان کو تاب توان کہنی کی نہین گردش
آسمانی کہ ہر نوع دشمن جان انسانی ہی کچہہ
اعتبار قرار نہین رکہتی دیکہی اور خیال فرمائیے
کہ ایک بازی مین خانمان مجہ بیخانمان کا اوجاڑا
پر کاہ بہی نہ چہوڑا دریوزہ گری گہر بگہر کی کا محتاج
کیا آہ افسوس صد افسوس بیت اس خانۂ
دنیا کو مت کہہ کہ یہ میرا ہی آبادی اس عالم
کی کوئی دم کا بکہیڑا ہی درینولا از چندی زیر
سایہ دامن دولت بی بی صاحبہ بڈی بہن
آپ کی اوقات بسری ہوتی ہی اکثر ذکر اذکار

نیک

نیک خوئی آپ کی سی مجلس گرم رہتی ہی دل اس
ضعیفہ کا بہی واسطی حصول دولت دیدار الطاف انوار
کی نہایت مشتاق تھا شکر خدا کہ مشرف ہوئی واقعی
جو کچہہ کہ سنا تھا زیادہ اوس سی ظہور مین آیا اب
یہہ فقیر نی دعا کو رخصت ہوتی ہی بشرط زندگی اور قوت
دست پا کی اگر استرضای مرضی مبارک کی ہو گاہ
گاہی گلشن دیدار سراسر بہار سی گل خوشوقتی کی سی
دامن دلکو پر کیا کرون اور خوش بوئی اخلاق شہرہ
آفاق سی مغز جان معطر کیا کرون صنم سیمین بدن نی
فرمایا یہہ غریب خانہ بلا تکلف تمہارا ہی جب خوشی
خاطر ہو البتہ تشریف لایا کیجی یہ کہہ کچہہ نقد پارچہ
سی مراعات کی بوڈہیا دلالہ نظم فقیرانہ وہان سی

سدا کر چلے ۔ رہو تم سدا خوش دعا کر چلی ۔ شتاب
وہان سی مانند گرد باد کی غلطان و پیچان پاس مرزا
مشتاق کی آئی بہت سی باتین گرم گرم چرب چرب
تسلی آمیز کام مین لی گئی ۔ اور کہا خاطر جمع رکہہ فرد صنم
اگرچہ بتون مین بڑا ہی کافری ۔ کرون ہون رام اب اوسکو
خدا خدا کر کر ۔ جوان خانمان سوزان کہ جون مردۂ بیجان
تہا سنتی ہی زندہ خشنود ہوا ۔ وہین خاک اوسکی قدم کی
سرمہ انکہون انتظار اپنی کا کیا دست بستہ عرض رکہی
فرد یکدم گلی مین اوسکی کر ہاتھہ ہار ہووی ۔ سولی
چڑہی تو کیا غم یا سنگسار ہووی ۔ زالہ عیارہ نی آب
پاشی چرب زبانی کافوری سخنان تسکین آمیز سی
داغ جگر ہجران سینہ سوزان جوان کی کو خوب شست و شو

کر بہر

کر بہر کیف امیدوار اندمال مرہم وصال کی سی کر آپ
محلہ مٹہائی پل گہر بڑی بہن اوس حور زیب پری فریب
کی پہنچ چرب زبانی شیرین گفتاری ۔ اسقدر کام مین لیگئی
کہ اوس جماعہ نی وجود ضعیفہ کا غنیمت جان بدل اشفاق
تمام سی متوجہ ہوئی کر کہا کہ خواہ نخواہ یہان مین رہا
کیجی ۔ غرض کہ خوب وجہ عیاری سی سلسلہ دوستی کا مربوط
اور مستحکم کر ۔ واسطی دریافت احوال خورد کلان حویلی کی
شب باشی وہائین مقرر کی چند روز گذار ۔ ایک روز
اوسی جماعہ سی عرض کیا کہ دل ضعیفہ کا واسطی
دیکہنی چہوٹی بی بی کی محلہ چورام کو بی اختیار چاہتا ہی ۔
یہہ سن اون سبہون کی کہا ہان سچ ہی بہت روز
ہوئی ہین البتہ تشریف لیجائی لیکن فرد جدائی تمہاری

نه بهاوي کهوه که جبتک هماري بدن جان هي بشرطيکه جلد
آئي گا اول طرف هماري سي کمال اشتياق ديده بوسي
کا بيان کرنا اور کيتي ايک پيسي دئي تا بازار مين سي
کچهه لي کر ديجيو باري زاله عيّاره بازار مين اي زيور
پهولون خوش رنگ خوشبودار کا بهت اچها سهرا
بلاوٹ ريشم رنگارنگ کلابتون آميز باهنه استادون
هنرمند سا بدست کي تر و تازه که نظارگيون کو بادبهشت
برين کي بهلاوتي اور خوشبوئي اونکي بيچ دل مشک
ختن کي گره خون کي باندهتي ڈالي همراه لي بيچ محله جورام
کي اندر حرم سراي اوس سمن بوي گل اندام کي پهنچي
نهايت عجز فروتني سي اداب نياز بجا لاي فتيله
چراغ اشتياق بڈهي بهن يه کو اوس روشن شايسته

اشتعالک جرب زباني کي سي روشني افروز ہوئي
که پرتوه صدق مقال کا اوپر دل ساده دل جور فريب
اور عورات خورد کلان محل سراي کي بي تکلف نوازشان
هوا نوايرشوق ملاقات کا کانون بطون اون سهون
کي سي مشتعل دوبالا هوا اور وجود دلاله عياره مکاره
کا تام جماعه ني مغتنم جان کر بهت تملق چاپلوسي سي
باعزاز واکرام تمام پيش آئي همه شب چرچا تپاک کرم
جوشي طرفين کي هوتي رهي علي الصباح دلاله سيه نامه
ني اداب فروتني عذر کم خدمتي کي بجاي لاي کو هر حضرت
کا جيب انداز کر پاس مرد امشتاق انتظار کي پهنچ پنجه
عروس مدعا خاطر خواه جوان طبعيت پريشان کو
حنات ني کي سي اسطرح خانبندي کري که نا ديده چشم

دل مین رطوبت پیدا ہوئی یبوثت یاس کی مغز
جان کی سی دور کر رنگ تسلی کا بخشا اسی روش
بعد ہفتہ عشرہ کی کاہی عطریات کاہی لوزیات کاہی
فواکہات کاہی حلویات مدت چند ماہ سعی موفورہ
کام مین لی گئی بحدی کہ زنگ اجنبیت کا آئینہ دل تمامی
تمامی مرد و عورت صغار و کبار قبایل ماہ رخ حور زیب
فریب کی سی بمدد مصقلہ تھا دوا تحابوا کی خوب صفائی
پذیر ہوا بیت کیا کچھ ہنر کیا تہا کہ یک لخت سبکی دل
آہن تہی مصقلہ سیتی آئینہ ہوگئی سوای رسوخیت بود ہیا
نکون طالع کے اور دوستی بڈی بہن کا سیمین تن
کی کچھ اور رونما ہوا منتظر وقت کی تہی کہ اوسی
ضمن ایام مونڈن بیٹی اوسکی کی جو مٹہائی کی پل رہتی

تہی

تہی چار روز باقی رہی بودہیا کم بخت بدنصیب مطلع
ہوکر اجازت لی محلہ چورام مین گئی بعد سلام اپنی
اور دعا دیدہ بوسی تپاک ملاقات بڈی بہن کی
مودب ہوکر عرض کیا کہ جناب پروردگار سی جس
روز کو ہزارون تمنا و زاری چاہتی تہی یعنی شادی
مونڈن صاحب زادہ برخوردار نونہال جان عمر
لخت جگر فرزند دلبند ہمشیرہ کلان تمہاری کی اللہ
تعالی عمر کری دراز اوسکی آج سی تیسری روز
مقرر ہی اگر دیرہ مشتاقون دیدار مہر انوار کی تک قدم
رنجہ فرمای مجلس شادی کو رونق بخشو سلسلہ محبت
رشتہ قرابت قریبہ سی بعید نہوگا دل حور مثال اور
والدین اوسکی کا ازبسکہ مشتاق تھا بمجرد استماع

اس نوید خوشي آميز بہجت انگيز کي سبہون ني بعنوان
شايستہ جيسا طريقہ عالم دوستي کا ہي بلبل زبان کو مدح
سرائي گلستان توصيف و تعريف ہمشيرہ کلان اور
دلالہ مکارہ کي ہين صفير سنج کيا انگشت اجابت کي اوپر
چشم دلکي رکہي نا دوپاس اس دہب کي گفتگو سي
گرمي مجلس کي رہي آخرش زالہ سيہ نامہ اوس جماعہ
سي رخصت حاصل کر پاس مرزا مشتاق کي ائي
تمام احوال سوال جواب حور مثال کا بيان کيا اور
وہان اوس سرو قدني بموجب حکم والدين اور
حسب الطلب ہمشيرہ کلان کي مشاطہ ہنرمند قابل
دست کو طلب فرمايا حاضر ہوئي اول مہندي
سي دست و پا کو جيسا طريقہ نثار کا ہي حنا بندي کرني

لگي اسقدر سردي حنا کي اون لبون نازک پر نمايان
گلگلدي رنگ شکستگي تہي کہ زبان بيان اوسکي
قاصر البيان ہي سبحان اللہ خوبرويي خوبرويان کا
ہر عالم مين اور عالم ہي کہ جون جون بگري ادا دلربائي
زيادہ تر پيدا کرتي ہي نظم يہ اکثر مين نيکو کا ديکہا سہا
کہ بگري سي دونا ہوا ونکا بنا اونہين بي ادائين
ہين بانکي ادا بہلون کو سبہي کچہہ لگا ہي بہلا بعد اوسکي
واسطي غسل کي حمام مين داخل ہوئي مشاطہ ني موافق
استرضاي مرضي مبارک کي اوہ بدن صندلگون کہ
چشمہ آفتاب ماہتاب کا بيحجاب و بي نقاب چشم
خواب کي سي مذيکہتا تہا اور اوپر اوس تن ورق سمن کي
بوي گل کي گراني کرتي تہي دست مشاطہ کي کي کشائي کا

غواص خرد کا دریاي عمان بي پايان حيرت مين
غوطه زن هي که اوس قد نازک سنبل زلف ماه جبين
لاله رخسار نرگس چشم سيب زنخ سمن ساعد سيمين
تن بلورين ساق کو کس طرح مساس کيا هوگا مصرع يهي
افسوس اوس جاگهه نتهي هم ۱ بعد فراغت غسل
کي ارادا شانه کشي کا کيا في الفور شانه ني سينه
اپنا صد چاک کر دانت مونه سي نکال قدم هر بن موي
کي بوسه زني کرني لگي نهين نهين سبيدي مانگ کي
که هم شعاع نور آفتاب کي تهي بلا دغدغه جهمکي دل
مستاطه کا قالب سي نکل هج صحراي لق و دق بيچ بيچ
بالون کي گم هوا پس مستاطه بيا وري شانه کي گم هوئي تهي
کو درميان هر هر بيچ بال کے ڈهونڈه تي تهي اور يه کهتي تهي

بيت هوا هي دلمير اگم مانگ مين مين ڈهونڈون کدهر
که آدهي رات هي ايدهر اور آدهي رات اودهر ۱ پس شرف
يابي خدمت گذاري يکدست بغچه پوشاک کا حاضر هوا ايک
سايا باريک آسماني کمخاب کا مزين بونته طلائي نقرئي
سي اوس روشن گويا که ستاره جهانتاب بالاي فلک
نيلگون کي چمک تي هين جسوقت ساق سيمين که في
الحقيقت وي ستون محل خوبروئي کي تهي پوشش
پذير هوئي بلاشبه اختر درخشنده چرخ برين سے واسطي قدم
بوسي اون قدمون کي نازل هوتي هين وي کسبي قدم
فرد جو وي نازک قدم پهولون پر گذرين هو سرمه چشم
همرنگ حنائي وهسينه بند شبنمي که تياري هاتهه استاد خياط
هنرمند کي تي اسقدر دوخت باريک هين فکر بالغ رس

صرف کیا تہا کہ خرد فلک پیوند خرد وران موی شکافان
زمانہ کی دریافت سوزن کشی رشتہ دوزی اوسکی
مین حیران ہی پس اوس سینہ بند کو اوپر اون
قبہ نور حباب دریائی دلبری کی اور وی کیسی تہی
کہ روشنی اور صفائی اونکی بمنزلہ شمع کافوری کی
تہی فرد اہل دانش کی زبس اونکو صفا کہتی ہین
اون پر اٹکی ہی میرا اسی کیا کہتی ہین خامہ
کا ہی شرمگینی سی نام اونکا بر صفحہ کاغذین کی نہین
لکہہ سنا برنگ فانوس خلعت پوشش کا بخشا
بلا تصنع بینندہ کتئین بچشم تیقن جلوہ کر ہوتا کہ
اوس خرگاہ فلک بارگاہ مین شہنشاہ عرش اشتباہ
حضرت سلطان حسن کی نی ہمراہ لشکر عظیم فرجہانگیری

اور

اور ساتہ عساکر مستقیم شکوہ عالمگیری کی نزول فرمایا ہی
فرد جو کوئی دیکہتا اونکو یہ تیقن تہا اوسی تنبوان
تان کی یہان کام کا اتراہی کتک اوڈہنی کناری
دار گرد اوس رخ رشک آفتاب کی بمشابہ جدول
طلائی کی اوپر صفحہ سیمتاب کی فرد کناری چہرہ گلرنگ
پر ایسی نمایان تہی کتاب حسن کی اوپر گویا جدول
طلائی ہی مشاہدہ اوسکی سی شیرازہ صبر و ہوش
بینندون کا ابتر ہو بلک مقابل اوس کناری کی کہ اوپر
سر فلک زیباوری کی ہزارون خوبی ستہرائی سی
اوس وضع جلوہ افروز ہوئی تہی کہ قوس قزح
چرخ بلند کی سخت انفعال سی پشت خم سرنگون ہوئی
فرد روپٹہ سر پر لیکی یون جہمک جاتی تہی وہ گلرخ

گویا ہی شمع کی فانوس مین شعلہ کی اچلیان ۔ بعد
اوسکی زیور طلائی مرصع جواہر آبدار ۔ گوہر بی بھا
گرانمایہ تابدار سی ۔ کہ آفتاب ہزار تاب ۔ رشک اونکی
سی جواہر درخشان اور گوہر درفشان اپنی گوہر
شب دریای قلزم مین ڈبو دتا ہی ۔ انگشتان دست
پا ۔ گردن و گوش کو مزین کر اوپر اوسکی دوشالہ زرد
بسنتی اوپر آراستہ کر طرف صحن چمن کی متوجہ
ہوئی ۔ اللہ ہی اللہ عجب کچھہ آن تہی بعینہٖ گویا کہ درخت
سرو کا از سر و پا بسنت پہولا ہوا ۔ اوپر تختہ روش
کی رواں ہی ۔ فرد ۔ بسنتی پوش ہو کر سرو قد
جسدم خرامان تہی ۔ جو کوئی دیکہتا نظرون مین
سرسون پہول جاتی تہی ۔ بیت ۔ کہون کیا مین اسوقت

ایسی بنی ۔ کہ دو دن سیخ مچ ہو جیسی بنی ۔ خرامان
خرامان بیچ صحن چمن کی اوپر مونڈہی سبز دمرون
کی بتہی ہوئی ۔ انتظاری بودہیا کی کہنچتی تہی ۔ پہنچی جڑاؤ
اور کڑی باریک طلائی بند دست پر ۔ اور انگشت مین
چہلی جڑاؤ سونی کی پڑی ہوئی ۔ وہ ہاتہہ نزاکت سی
اوپر گہتنے کے لٹکتا ہوا ۔ ہا ہا عجب کچھہ کیفیت رکہتی
تہی ۔ فرد ۔ وہ سونی کی پہنچی کفک کا وہ رنگ ۔ ہا سنہری
شفق جسکو ہو دیکہہ دنگ ۔ وہ ناخن کی فندق
وہ چہلی پڑی ۔ جون بجمل کی تکمے لڑی مین جڑے
اور صفائی شانہ کی پٹی کیی ہوئی ۔ موی شب رنگ کی
اوپر رخ ماہ تابان چہرہ درخشان کی ۔ اوس رنگ سی
تہی ۔ کہ جس پر شب چہاردہم دنگ ہو جا ۔ فرد ۔ تیا

وکہنگہی وہ بالون کا رنگ ؛ جسی چودہوین رات
ہو دیکہہ دنگ ؛ سیاہی مسی کی اوپر اوس لب
لعل فام کی بعینہ سواد دیار بدخشان کی شام تہی فرد
عالم مین شفق پہولا ہی اور شام پڑی ہی ؛ اوس طور
لب لعل پر مسی کی دہڑی ہی ؛ اور عالم انکہون سر
مہ دنبالہ دار کی کیا بات ہی گویا کہ چمن نرگستان
کا وقت رات کی کہل رہا ہی اور اوسکی اوپر بہاو
دنبالہ متصل مژگان کی کیا خوب سوجہا ہی فرد نہین یہ
سرمۂ دنبالہ دار مژگان ساتہ ؛ دلون پر ہو کی صف
آرا نشان کہول دئی ؛ وہ انگیا باریک شبنمی جواہر
نگار کہ جس پر فرشتہ سپہر دوّار کی دیکہہ کر ہات ملتی
اور بی اختیار ہو یہ کہتی تہی فرد نہ سینہ بند پستان

کہہ

کہہ اوسکو یی اوس معجون کی ڈبیان ہی ؛ گر افلاطون
ہو تنگ دیکہنی مین ہوش سی جاوی ؛ شعاع صفای
ساق سیمین کی نیچی دامن کمخاب کی عجب طور
سی نمایان تہی چنانچہ لکہتا ہی فرد جہلک اوس ساق
سیمین کی تہ سایہ نمایان یون ؛ کہ جیسی روشنی فانوس کی از
شمع تابان ہو ؛ اوپر اوسکی طرف پای راست کی
زریکا مغرق جواہر مسلسل موتیون سی وہ شروال بند
آویزان مانند عقد ثریا کی درفشان بالای آسمان کی
اور وی کفش کلابتون ثات بافی ستارہ دار پیچ
پانو نگارین ساق سیمین کی پہب رہین تہی طرف
فلک الثوابت کی یہ خطاب کر کر کہتی تہی فرد کیا ہوا
جو چرخ تیری پر ستاری ہین جڑی ؛ کہی تو پاپوش بہی اپنی

تجهي دیجي دکها ؛ بیان زر و زیور کا تمامي جو چاهي نهین
لکهه سکتا مگر تهوڑا ایک لکهتا هون **نظم** بهري مانگ
موتي سي جلوه کنان ؛ نمایان شب تیره مین کهکشان ؛
وه ماتهي پر بیني کي اوس کي چمک ؛ سحر چاند تارون کے
جیسي جهلک ؛ وه بالي کي تابند کي زیر گوش ؛
جیسے دیکهه بجلي کي اوڑ جاي هوش ؛ وه هیري کا تکمه
بصد آب و تاب ؛ وه صبح طلوع مطلع آفتاب ؛ وه
تکمه پر چنپا کلي کي پهین ؛ که سورج کي آگي هو جیسي کرن ؛
وه موتي کي مالي لٹک تي هوئي ؛ رهین دل جهان
سر پٹک تي هوئي ؛ وه چهاتي پر الماس کي دهک دهکي ؛
رهي آنکهه سورج کي جس پر جهکي ؛ وه الماس کي بیکل
ایک خوش نما ؛ تصور رهي جس کا دل سي لگا ؛

وه بهج بند بازو پر اور نورتن ؛ که جون گل سي هو شاخ
زیب چمن ؛ وه پهنچي زمرد کي اور دست بند ؛ نزاکت
مین تهي شاخ گل سي دو چند ؛ وه لعلون کي پازیب
آویزه دار ؛ سدا اشک خوني هون جس پر نثار ؛ وه
میني کي پاهون مین چهلي تهي گل ؛ که انکهون سي دل
اونکي کهاتي تهي گل ؛ کیا اسطرح کا جب اوسني سنگار ؛
هوئي مهر و مه اوسکي اوپر نثار **لي جانا دلاله کا اوس ماهرو**
کو بیچ گهر مرزا کمبخت کي پیالا مجهي پهر کي دي ساقیا ؛ که نزدیک
هنگام شب آگیا ؛ اسي فکر مین چرخ دلاله پیر ؛ چهپاوے
هي اسوقت مهر منیر ؛ دو گهڑي روز باقي رهي ؛ دلاله مکاره
زاله صورت ابلیس سیرت ني ؛ چوپاله باناتي ٹاٹ بافي
ستاره دار ؛ که ستاره چرخ معلّی کي ؛ مقابله اوسکي مین

زرّه سي کمتر متصور ہوتي ہين کيتي ايک پيادي
جلودار کرايه کي ہمراه لي حصول دولت ديدار سراپا
بہار کا کيا وه ہماي معشوقي که از حد مشتاق ديدار
ہميشره کلان کي تہي بي درنگ بيوسواس اوپر اوس
چوپاله کي که دم مساوات کا تخت مہتر سليمان کيسي
مارتا تھا دلاله کو ہمراه لي سايه افکن ہوئي في البديه کہاران
ديو سيرت آدم صورت که ہريک بادشاه وقت ہوئے
تہي لي اوڈي نظر توجه کو کسو طرف رخصت ندي
ايک دو دم مين اوپر دروازه حويلي جوان خانمان
ويران کي لي پہنچي افسوس صد افسوس فرد که ابتک
پانو اونکي سي لگين ہين ٹہوکرين دلکو نه جاني
سنگ دل وي کسطرح مرزا کي گہر پہنچي آفتاب

آفتاب معشوقي

آفتاب معشوقي يعني اوس غنچه دہن گل اندام ني
مشرقستان چوپاله سي طلوع فرماي اندر دروازه
اوس حويلي کي که في الحقيقت مغربستان خورشيد
حسن کا تھا اراده غروب کا کيا دوشاله درست کر
اوڈہني سر پر سنواري زلف تابدار کو اوپر رخسار
گلعذار تاب دار کي اس طرح تاب دي گويا که افعي
سياه خونخوار پيچ سمن زار کي لوٹتي ہين يا
دو مست سياه شراب حسن کي بيوسواس بيہواس
بدمستي سي اوپر چشمه آب حيوٰة کي متوجه ہوئي ہين
سبحان الله فرد زلف بکہري ہوئي مکہڑي پر يون
مانگي تہي دل جسطرح ايک کہلوني پر ٹہين دو بالک
چہره بي حجاب بي نقاب بسان ماہتاب شب تاب

کي اوس آب تاب سي برآيا کہ آفتاب ہزار تاب آتش
حسرت سي کباب ہوا فرد کرون تعريف کيا جس
رخ کي آگي ۔ گئي خورشيد کو چک چوندہ لاگي ۔ اسي
روش نظم بندہا سر پر جوڑا پڑي رزدشال ۔
کمر کي لچک اور مٹک کي وہ چال ۔ وہ مہندي کا
عالم وہ توڑي چھڑي ۔ وہ باہون مين سوني
کي دو دو کڑي ۔ چلي آتي دامن اوٹھاتي ہوئي ۔
کڑي سي کڑي کو بجاتي ہوئي ۔ عجب ايک عالم تھا
بي ساختہ ۔ کہ عالم تھا ايک اوس پر جان باختہ ۔
غرض کہ ہزاران ادای نزاکت ۔ و زيبائي زينت ۔
سي شادان و فرحان تشريف فرما ہوئي کلبہ تنک
و تاريک مرزا مبتلا گرفتار پنجہ بلا کا رشک افزا

بيت الشرف خورشيد جہان پيما کا ہوا کہ وہين يکايک
يک جوان تنومند قوي ہيکل عزرائيل شکل يعني
مرزا بدبخت اسير کمند شہوت نظر آيا ۔ رعشہ تمام اعضا
پر غالب ہوا کرمي خوف ہراس کي سي دريا عرق
مين ازبن موي سر تا سر انگشت پا غرق ہو کر پچھاڑ
کھاي اوپر زمين کي گري بيہوش ہوئي ۔ اور اودہر
اوس جوان منظر چہرہ درخشان پر يکايک برق
جہمکي عاشق کش کي اوس وضع چمکي کہ خرمن ہستي
پندار کا پاک جلا بي اختيار مانند خاکستر کي بيدم
ہوا قربان قدرت جل و علي فرد ۔ عجب بزمي
کہ در بزمي نہ ايمائي نہ تقريري ۔ چنان ماند کہ ہم
بزم است تصويري بتصويري ۔ بعد ايک لمحہ کي

جوان پابند لذاید شیطان خواب بیهوشی سی بیدار
ہوا آنکہین کہول گلزار حسن مالا مال کو بی وحشت
باغبان یعنی سرو قد بنفشہ زلف لالہ رخسار نرگس
چشم سیب زنخ سمن اندام پای نظر سی خوب سیر
کیا پہول پہل خوشی کی چنکر دامن دل کا پر کیا
غلبہ شہوات نفسانی خواہش لذات جسمانی کہ
دشمن جانی انسان کا ہی فرد گرمی لعل سیتی
مست نہووی چہ عجب مرد کہہ اوسکو کہ شہوت
ستی بدمست نہو جوان کم بخت نشاء بادہ شہوت
سی ازبس بدمست تہا حرف خوف الہی خلق
اللہ کی رسوائی کا یک لخت تختہ خاطر سی چہیل کر
ہاتھہ غارت کا اوپر مال ننگ ناموس سمن سیمین

بدن

بدن کی دراز کیا خاک بدنصیبی کی اوپر سر وقت اپنی کی
جہاڑنی لگا تہا کہ اوسی درمیان مین دلبر ما سراسر ناز ادا نی
چشم خواب آلودہ واکری کوئی ہمجنس ہمدرد اپنا
نہ دیکہا نالہ واحسرتا وامصیبتا بلند کر زار زار بسان
ابر بہار بی اختیار اسقدر روئی کہ قطرات اشک
کی سی صحن دامن رشک جویبار کا ہوا لاچار نظر تیز
خشم آلودہ طرف فلک شعبدہ بازکی دیکہا آہ آہ کر کہا
مثنوی اری ایچرخ کج باز و کج اندیش یہ کیا بازی میری
لایا تو درپیش اجل اب دیر کیا کر مہربانی کہ ہی ہر مو
میری سر پر گرانی وہ چہرہ رخشان کہ ماہتاب
جہانتاب رشک جسکی سی داغ ندامت کا اوپر پیشانی
کی رکہتا تہا اور وہ رخ درخشان کہ آفتاب عالم تاب

حسرت جس کی سی آتش غیرت مین جلتا تھا خنجر
ناخون سی کلکون کیا اور رخسار سمن زار کو ضرب
طپانچہ کی سی رنگ سوسنی دیا بیت رخسارہ کہ
رنگ ارغوان داشت ٭ از ضرب طپانچہ سوسنی
کاشت ٭ فریاد فغان دلدوز جہان سوز اسقدر
بلند کیا کہ درد اوسکی سی حباب فلک چاہتا
تھا کہ دریای عدم مین بہجا اور اجزای منجمد زورق
سطح زمین کی عمان بی پایان فنا مین منتشر ہو جا غرض
کہ آثار قیامت کا برپا ہوا مرزا سیہ طالع نکون بخت
کہ سرمست شراب شہوت کا تھا ہوش مین آیا
خوف جان کا غالب ہوا گرداب حیرت مین فرو گیا
آخر الامر باغوای نفس ابلیس لعین علیہ اللعنت کے

کہ عدو مال و جان ہر انسان کا ہی تیغ آبدار خون خوار خانہ
خلاف کہ فی الحقیقہ وہ کرہ آتشین تہا برق وار نمود ہوئی
اوپر اوس کردن نازک کی فرد چہ کردن خانہ سوز شمع
کافور ٭ بلورین دستہ آئینہ نور ٭ بمجرد وہ چہرہ آفتاب
زیباوری کا آسمان جسم کی سی اوتر اوپر مغرب زمین
کی فرو آیا شہباز جان پاک نی پنجرہ خاکی سی پرواز
کر اوپر شاخسار طوبی کی ہم صفیر طایران تقدیس کی ہوا وقوع
اس واقعہ درد آمیز سوز انگیز کی سی شیشہ آسمان سقف
اطلسی نے جاما کبود کیا چاہا کہ اپنی تئین اوپر سنگ
غیرت کی چور چور کری سنگ خشت نی باوجود سنگینی کے
اس غم مصیبت الم سی قالب تہی آتش غضب سی
سرتاپا سوختہ روی خراشیدہ گل اندودہ ہوئے

قلم بریدہ زبان رقم اس واقعہ جان فشان کی یہی
سرنگون سینہ چاک اوپر تختہ بلورین کاغذ کی سر بازار
لوٹ تا ہی نہین نہین یہ خامہ گیاہ بادلق سیاہ تحریر
اس بیان آتش افشان کی یہی کباب چاک جگر کی اوپر
سیخ تاسف کی بریان کرتا ہی ابیات چند کسو دردمند کے
لکہتا ہی مثنوی اری ای گردش افلاک بیمہر ملائی خاکمین
کیا کیا پری چہرہ جہان ہا دیگا تو آشفتہ بلبل پھٹا دیگا
جیب طاقت گل یہان کن سبزی نی ایسا سر اونٹھایا
نہ او سکو خاک مین تونی ملایا کوئی پاکیزہ گوہر یہان
نہ چہوڑا جیسی سنگ جفاسی تین نتوڑا افسوس صد
افسوس وی وی پری چہرہ خورشید لقا فرشتہ طلعت
دلربا عاشق نواز باوفا کہ جان عاشقان باوفا کی ذرہ

بسان خاک خاکپای نازنین کی تہی دہان اژدہای خونخوار
یعنی دنیا ردون ناہنجار ناپایدار ہین اسقدر دم کش نہوئی
ہین کہ حرف خیال صورت اونکی کاغذ پر تختہ خواب ہستی
کی رقم پذیر ہون اور روی وی نازنین کل اندام کہ بوی او
سی مشام جان خشک مغز ونکا معطر ہوتا تہا باد خزان
اجل کی ایسی ہت جہاڑ نہین ہوئی ہین کہ ہج چمن زار بہار
دنیا غدار ناپایدار کی بہار گیر ہون اس تنور آتشین سراپا
سوزش درد وحزن ہین وی وی بروی نونہال بہارین
آتش فنا مین سوختہ ہوئی ہین کہ خاکستر اونکی باد ہستی
سی مبرا ہو کرہ خاکی مین مخلوط ہوئی چنانچہ حضرت ابوسعید
ابوالخیر فرماتی ہین رباعی این خاک کہ زیر پای ہر حیوان است
زلف صنم وابروی جانان است این خشت کہ بر کنگرہ

ایوان است انگشت وزیری و سر سلطان است
آری یہہ جہان غم پرورد سراپا محن و درد کہ چشم
اہلدرد مین مانند باد صحرا کی گذرتا ہی گذارنا ہی یہہ تودہ
خاک ناپاک کا کہ نظر پاکمین کمتر خاک سی ہی خاک
برابر ہونا ہی فرد نکہولی کچہہ حقیقت ہستی نقش اتنا
بر آب ہی کیا ہی تمہید احوال خرابی مرزا
کمبخت کا وغیرہا کا ای یار بیقرار غواصی دریاء ذخار
ناپیدا کنار اس گفتار کا وہ انتہا نہین رکہتا
کہ شناوری بیان کی سی پار ہو سکی پس کوہ خاطر
محزون طبیعت مجنون کا تشنہ خیال لیلای پرخون شیرین
نمون کیسی ہر دم خراشیدہ ہوتا ہی اسواسطی
کہ گل گلزار دلربائی گلدستہ شاخسار خوشنمائی

سرو بوستان زیبا وری نہال گلستان دلبری کی سی
علحدگی پذیر ہو بیرنگ بیقدر خشک پژمردہ پڑین ہین
اور شمس چہرہ درخشان قمر رخ درفشان کا فلک
سیمین تن چرخ نسترن بدن سی مفارقت گیر ہو بی
رونق بی شان کسوف خسوف مین ہین یعنی
تن سر سی جدا اوپر زمین کی خاک خون مین مخلوط
ہین برسم عالم کنج لاش سیمین کو چہپانا واجبات
سی ہی اول منزل کو پہنچنا اوس معصومہ کا اور دار جہنم مین
دونو علیہ اللعنت کا جو مشاطہ خواہش نامتناہی اور زیب بخش
رضا الہی کی ہمیشہ منتظر ہی کہ دلہن مشیت خدا کی بیچ
خلوت خانہ تقدیر کی روپوش ہی بروقت مقرر کی
اوسکو اوپر کرسی ظہور کی ارایش دی اول برسم

عالم کی کیچہ سبب اوتہاتی ہین تا بیعذر کہونگہٹ مونہ
سی کہولی چنانچہ یہ حال جب مرزا انکون طالع نی
باغوای شیطان بد انجام کی اوپر اوس مظلومہ
معصومہ کی چلائی تہی ہو اس باختہ بیچ تدبیر پوشیدگی
اس واقعہ جان سوز دلدوز کی سخت مضطر بیتہا
تھا آخرش آئینہ دل مین یہی صورت خوب رونما
ہوئی اولش بار زر و زیور جواہر کر آنبار کا کوش
و کردن اوس نازک بدن سیمین تن کی سی سبک
کیا بعد ازان بیچ ایک خم کی کہ اہل ہند گولی
کہتی ہین سر و تن کو رکہہ سرپوش لاکہہ وغیرہ
سی خوب خام کیا تا رطوبت آب حرارت آفتاب
سی وانہو درمیان منبعہ نہر دریا جمن کی فرو کیا

جسوقت

جسوقت وہ لاش شمع خوبروئی کی درمیان گولی
کی آئی پرتوہ اوسکی سی ضرف سفالی برنگ فانوس
بلوری کی صفائی پذیر ہوا فرد کیا کچہہ بدن تہا
شمع صفت جس کی عکس سی ضرف گلی صفا
سیتی فانوس ہوگیا جوہر ہر ایک ایک ہی ماہی
کی دانت کا پروانہ وار اوسکی قدم بوس ہوگیا
مثل حباب بر سر آب جمن چرخ زنان زیر قلعہ
جہروکہون بادشاہی برج مثمن کی پہنچا وہ برج مثمن
کیسا ہی کہ برج دوّار چرخ برین کا شعاع طلا اوسکی
سی چشمہ اپنی کو زر اندودہ کر ہر روزہ گرد اوسکی
چرخ مارتا ہی اور وہ کیسا گنبذ لاجوردی ہی کہ گنبذ
لاجوردی فلک الثوابت کا دینار سرخ سپید ستارون

اپنی کی اوپر جواہر آبدار کو ہر شاہوار اوسکی نثار
کرتا ہوا ہر شب سرگردان ہوتا ہی فرد اگر فلک الثوابت
بر زمین است ہمین است و ہمین است و ہمین است
کمیت تیز خرام قلم کا بیچ میدان وسیع احوال تشریح
اوسکی مین پای لنگ ہی اسواسطی عنان تاب
کوچہ مطالب کا ہوتا ہی ایک ساعت روز بر آیا تہا
کہ بعد انفراغ نماز صبحکا ہی اوراد پکا ہی کی کہ بموجب
حکم الہی کی اوپر ہر اہل اسلام کی فرض عین ہی
حضرت اقدس اعلی جناب مقدس معلی انصاف
پرور نوشیروان عصر شاہنشاہ ظل اللہ محمد شاہ
فردوس آرامگاہ نی برج مثمن کو قدوم میمنت لزوم
سی جواہر شرف کا بخشا شہباز نظر والا پرواز

کو

کو واسطی سیر رود بار جمن کی پرواز فرمایا یکایک
ملاحظہ اشرف مین گذرا کہ گولی سربستہ غلطان
پیچان شناور ہی اور مچہلی بیشمار ہزار در ہزار
گرد اوسکی مثل پروانہ فانوس کی چمٹ رہین ہین
حکم جہانمطاع عالم صادر ہوا کہ یہ حقہ سربستہ شتاب
تر شرفیاب حضور پر نور کا ہووی بمجرد ورود امر جلیل
القدر کی ملاحان سبک طیر سریع السیر کہ خوف
اونکی سی ماہی نیلگون فلک کی اوپر فلک الافلاک
کی بیچ گردش کی اور مچہلی زمین کی ترس اونکی
سی تحت الثری مین چہپی ہی دریای جمن مین واسطی
حصول گوہر مراد یعنی حسن مجرہ کی دست پا کشادہ
مستعد شناوری کی ہوئی تہی کہ فی الفور اوس صدف

لولوي بي اب کو چنگل مین حاصل کر شادان فرحان
دست بدست بساط بوس ملازمان مقدس معلّی
کي ہوئي باریابان دربار اقدس کي ني موجب بدیمتا
کرامت انتما کي سرپوش حقہ سربستہ سي واکیا ملاحظہ
ملاحظہ اشرف مین گذرا وہ لعل لبونکا کہ روبرو اونکي
لعل بدخشاني شرمندہ ہوتا تھا اور وہ جبین تختہ
الماس سپید روشن کا کہ الماس کاني مقابلہ اوسکي
سرافکندہ ہوتا تھا اور وي داني سلیماني آنکہونکي کہ
سلیماني لیل ونہار کي لیل ونہار اوپر اوسکي نثار
ہوتي تہي آغشتہ بخون وخاک بي آب وبي تاب اسقدر
ہین کہ خزف پارہ سنگریزہ گلي کوچہ کي اوپر اونکي
بالایش ڈہونڈہتي ہین بمجرد مشاہدہ اس حال کي

یکایک

یکایک زبان مبارک بیان جناب اشرف اعلی سي
آہ سرد غم پرورد اوس روش برآئي کہ دود اوسکي
سي سقف طلائي مرصع برج مثمن کا طلا زرد ہوا اور یاقوت
ني جاما اپنا سراپا خون مین مارا زمرد کي لباس ماتمي
سبز مایل بسیاہي پھر امرو اریدني سینہ اپنا بیندہا
بعد ایک لمحہ کي ارشاد سعادت بنیاد صادر ہوا
کہ حضرت داور دادار پاک پروردگار ني اس جسم
خاکي گنہگار ناپایدار کو اس جہان ناہنجار کم قرار
بي اعتبار مین سایہ اپنا اور مالک جہان آباد وسیع
ہندوستان کا کردانا ہي محض واسطہ عدل وداد کي
بموجب قول حافظ شیرازکي شاہ را بہ بود از
طاعت صد سالہ و زہد قدر یکساعت عمري کہ درو

داد کند سایر خلق الله ادنا اعلی کهه ومه با وجودیکه
وجود عنصري سبکا برابر هي همکي بندکان که امانت
پیاري حضرت جل وعلی کي هین ایک حکم اسیر
اور قتیل هونا اپنا اختیار کرتي هین یعنی سبب
تاکه مظلوم ظالم سي مجبور جابر سي بهرکیف امن وامان
مین هوکر خوش وخرم ودیعت حیات کي سپرد
کرین پس افسوس صد افسوس که ما بدولت بیدولت
سي سواي لهو ولعب خواب خورش بیهوشي بیخبري
کي ظهور نه آیا عمر عزیز که دولت بي بدل هي هواي
شیطاني خواهش نفساني مین صرف هوا کلهه روز
باز پرس کي که هرسنش افعال نیک وبد کا هوگا اس
وجود سي که في الحقیقت مین بي وجود هي سواي ندامت

خجالت کي اور جواب کیا هوگا سنتي هي اوسکي
حضار دربار فلک اقتدار کي صدف چشم آبدار
سي لولو لالا اشکبار کي بي اختیار بسان ابر نوبهار
کي زار زار برسانے لگي که صحن دامن کا تا بجیب تر
هوا وقوع اس احوال سراسر ملال کي وزیر ممالک
قمر الدین خان چین بهادر نصرتجنگ بخشي ممالک صمصام
الدوله خانه دوران خان بهادر امیر الملک امیر الدوله
امیر خان بهادر برهان الملک سعادت خان بهادر
معدلت نشان سیدي فولاد خان بهادر کوتوال وغیره
امرایان عالیشان عمدهاي بلند مکان راجه هاي ذیشان
جمله اهلي وسوالي مدویان بارگاه عرش اشتباه کي
حاضر هوئي هریک نے موافق رسائي قیافه اپني کي

بنا برتسلي مزاج معدلت امتزاج کي عرض التماس کا
کيا پسند خاطر عاطر کي نه آيا خطاب معلي القاب صادر
هوا تاکه قاتل اس مقتوله کا حضور اس بيحضور کي که عدل
اور انصاف سي دور هي حاضر نهوکا خوف و خواب کو ميني
اوپر اپني حرام کيا سايرامراي عمدهاي و حکماي که
يکيک افلاطون زمان ارسطاطاليس دوران
کي تهي هيچ کشايش اس عقده مالاينحل کي ناخن فهم
فراست کي سي موافق خيال اپني اپني کي موشکافي
کرني لگي کسوطرح سوراخ انکشاف کا نپايا رشته
کنبذ بيدرسي گره وانهوئي هم ني فرسوده بهت ناخن
تدبير کيا آخر الامر جناب معلي مقدس ني بامداد تائيد
الهي بمعاونت فيوضات نامتناهي کي ارشاد فيض بنياد

کيا که تمامي کوچهار هريک کوچه و بازار کي حضور اشرف
مين باريابي هووين اون مين سي جو شخص کاريگر
اس گولي کا نشان ديوي کا مراحم خسروانه عنايات شاهانه
سي ايتا سرفرازي پاويگا که تا بزندگي آزنياز احتياج
دنيا دي سي مستغني هوکر عمر عزيز که بي بدل هي خوشي
خورمي مين آخر کريگا في الفور معدلت نشان موصوف
ني بموجب حکم فيض شيم کي هر کاره اور پياده متعين
چهوتره کوتوالي کي که اوپر اونکي هر گهر کي مرد و زن
کا احوال منکشف تها اور تيز روي مين باد صبا
پر پيش رفتي لي گئي تهي واسطي حاضر کرني تمامي کمهار شهر
کي متعين کئي بعد کيتي ايک کي همکي که وه مه خورد کلان
قوم نام کمهار هر هر کوچه و بازار کي بامبد مراحم خسروانه

شادان و فرحان دوان دوان آستانه بوس دربار
سراسر انوار کی ہوکر اوپر اوس خم کی نظر گذاری
اون مین سی ایک شخص خم ساز رہنی والا مغل پوری
کا کہ فن خم سازی کی مین اوستاد عدیم المثال تھا
اور راست گوئی مین نیزہ صدق کا افراشتہ رکہتا تھا
دست کاری اپنی کو پہچان اداب بجالای کر التماس
کیا کہ یہہ عمل اس غلامان غلام جان نثار
کا ہی ہاتھہ مرزا مشتاق بیک مغل رہنی والی مغل
پوری کی فروخت کیا تھا بمجرد دریافت احوال خم
کی کلال صدق مقال پر ہجوم تحسین و آفرین کا ہوا
بخشش گرانمایہ شاہانہ سی سرفرازی پائی اور واسطی
حاضر کرنی مرزا کم بخت سیہ طالع کی متعین ہوئی

فی البدیہ

فی البدیہ مطابق حکم کرامت شیم کی مغل پورہ
مین بیچ حویلی مرزا بدنصیب کی پہنچی قضا کار مرزا
کم بخت بدطالع اور زالہ ملعونہ اپس مین گفت گو
اسی واقعہ ہایلہ کی کرتی تہی کہ ہرکارہ اور پیادہای چبوترہ
فی کچہ ایک دریافت ہر دو نو ملعون دارین کو اور معہ
تمامی اسباب اور زیور و زر اوس مقتولہ مظلومہ کی
بہزاران سیاست و اذیت بی آبروئی کی کشان کشان
حاضر کیا مزاج اشرف اقدس مین کہ آتش غضب کی
اشتعال رکہتی تہی یہ سچ ہی غضب بادشاہی کمتر قہر
الہی سی نہین جسوقت برق نظر قہر کی اللہم احفظنا
اوپر اون سیاہ روی دارین کی چمکی خرمن ہوش
ہواس کا یکبار کی سوختہ ہوا بی پرسش بسان دیوانہ

کي سر بوش خم سر بسته کا واکيا يعني خود بخود مقرر تظلم
خونريزي زواري اپني هوکر احوال سير محله چورام نظر
آنا اوس غارت کر هوش مردم فريب مقتوله کا
اور دلاله بنا بود هيا بدبخت سيه نامه کا سر بسر
تفصيلا تشريحًا بيان هوا بعد منکشف واقعه هايله
کي جهلول هوشيارني جلد شتاب بمنزله کرد باد محله چورام
مين پهنچ والدين مظلومه مقتوله کي کو اوپر اوس
احوال سراسر درد ملال کي آگهي دي سنتي هي خبر
وحشت اثر کي والدين وغيره عورت مرد قبايل
عشاير مقتوله کي ني کريبان پهار سينه چاک خاک
سر پر اوڙاتي نالان وکريان مشرف بار يابان
جناب اعلي کي هوئي کيا ديکهتي هين چهره

گلزار رياض خوبروئي کو يعني لاله رخسار نرگس چشم بنفشه
زلف غنچه دهن که اوس پر کبهو هوا بهي باد صرصر حوادثات
زمانه بيوفا کي نه پهنچي تهي صدمه خزان شمشير خونريز کي ني
نهال سرو آزاد تن نازک توڙ کر بي آب بي رونق
پژمرده خاک وخون مين مخلوط هين بهار کهار
بيهوش هوبي ناله واويلا وامصيبتا کا بمنزله سور اسرافيل
کي اسقدر بلند هوا که عرش برين تک پهنچا اوس
ناله دردناک سينه چاک سي چرخ فلک دمگ يا زمين
تهرتهراي غرض که آثار قيامت کا برپا هوا آخرش فدويان
درگاه عالم پناه که يکيک سقراط دهر اور بقراط عصر
تهي موميائي درد شکسته دلي کي شفاخانه عقل اونکي
مين موجود رهتي تهي همراه بند قند نصيحت لساني

اور باتین چکنی چکنی تسلی آمیز چرب زبانی کی اوس
آئین شایانہ سی مرکب کرکی دی کہ گونہ ہوش مین
آئی اور بولی سچ ہی ہر کہ آمد بجہان اہل فنا
خواہد بود فضل الہی سی ذات ملکی صفات
حضرت ظل سبحانی خلیفۃ الرحمانی نی کہ شبستان عالم
تنزیہ کی سی نزول فرمای کر اورنگ جہانبانی
ملک تشبیہ کی کو ارایش بخشی ہی محض واسطہ
جہان پروری عالم نوازی کی چنانچہ مصداق اس
اقوال کی یہ ہی کہ من ابتدای سنہ احد معلی لغایت
سنہ تیس ۳۲ مقدس کی بموجب الانسان بنیان
ربہ کی ایک شخص عاصیون گنہ کارون واجب
القتل کو زبان فیض ترجمان سی ارشاد انہدام

کا

کا نہ فرمایا پس اس باعث مردود علیہ اللعنت اور زالہ
مکارہ جہنمی معہ لاش زر و زیور مقتولہ معصومہ کی حوالہ
ساہوکار دل افگار کی ہوئی ساہوکار نی وہ لاش
مظلومہ معصومہ کی بدستور ہندوان اہل ہند کی منزل
آخر کو کہ سبکو وہی شاہ راہ درپیش ہی پہنچایا بعد اون
دونو مردودون مغضوبون دارین کی کو سپرد جلادون معدلت
معدلت نشان سیدی فولاد خان بہادر کی کئی کہ ہزارون
اذیت خرابی و خواری سی بموجب کردار بدکار ناہنجار
کی دار جہنم مین داخل کرین تو کہ کوئی دوسرا اعوذ
باللہ منہا مرتکب افعال ناشایستہ کا نہو جلادون نی
ہر دو ناپاک شرمندہ دارین کا سر منڈوا رسیاہ تاب
چہرہ پر مل روی بسوی سرین شتر کی سوار کیا جلون مین

فوج چہوکرون کی کہ شیطان رجیم خوف جنکی سی ہردم
لاحول کنان بہاگتا ہی کف زنان ہرّ و برّ و کویان ہر ہر
محلہ و کوچہ و بازار کی گرد پہیرا ہمراہ انکی منادی زن
طبل رسوائی کا بجاوتا تھا اور کہتا تھا جو شخص اعوذ باللہ
منہا ایسی روش کا خیال عقل پایمال دلمین لاویگا
غضب سلطانی کہ کمتر قہر سبحانی سی نہین گرفتار ہوگا
غرض کہ اسی سخت اذیت سی بعد گردش تمام شہر
اوپر چبوتر کوتوالی چاندنی چوک کی لائی شتر سی نیچو
اوتار آدہا آدہا قالب ناپاکون کا زمین کدوار بارش
سنگ ریزہ کی بجدی کام مین لی گئی کہ ارواح ہر دو رانده
درگاہ الہی کی قالب عنصری سی نکل دار جہنم مین کہ
بدترین مقام بدکارون کا ہی داخل ہوئی لاش بیجان

ہردو جہنمی

ہردو جہنمی کو رسی بند ہوا مانند سگ مردہ کی کشان کشان
باہر شہر کی برہنہ ڈلوادئی وقوع اسواقعہ وحشت
انگیز اشتعال آتش ہیبت آمیز سی زہرہ شیر دلون کا آب
ہوا اور جگر فیل تنون کا کباب ظالم فاسق فاجر
بدکار دغاباز حیلہ ساز اپنی بدکرداری سی عہد استغفار
توبۃ النصوحا کا خیال سی قرار کیا اور پیشہ راست
روی کا کہ سرخروئی دارین کی ہی اختیار کیا ادنی
اور اعلی ہمکی شہر کی ہراسان ترسان شادان و فرحان
مشکور ہی انصاف حضرت ظل الہی کی ہوکر پیشانی
عجز نیاز کی جناب حضرت کارساز بی نیاز مین سودہ
کیا اور دست دعا کا بالا کرکی کہتی تہی کہ یا الہی اس
شاہنشاہ ظل اللہ کو ہمیشہ بداد انصاف اوپر سر

خلق اللہ کي پردہ زمين پر سايہ گستر رکھيو سبحان اللہ

وہ بادشاہ عالم پناہ دادگر انصاف پرور اور وہ پري

چہرہ خورشيد لقا نازک بدن سيمين تن بستر تہ خاک

مين خواب استراحت کي قبول کري ہي کہ بجز روز حشر

کي انکھون سي سير فرماي بازار عالم بيداري کي ہيونگي

نہايت افسوس لاغايت حسرت کہ زمانہ شعبدہ

باز اون ارواح پاک کو مخلوط جسم خاکي مين ہيں

کيا کيا بازي دکھاتا ہي پھر خاک برابر کرتا ہي پس يہي

بہتر ہي کہ مہر سکوت کي اوپر قفل زبان کي رکھي فکر

احوال اپني کا کيجي اري يہان کيجي کس کس کا

ماتم ہي اپنا حال جائي گريہ وغم يہي خورشيد ہوگا

اور يہي ماہ يہي وضع زمانہ اور يہي راہ کچھ اسبابون

سي يہان کي کم نہ ہونگي يي سب کچھ ہون ولي ايک ہم نہ ہونگي

الفاظ مزخرفات پوچ عبارات جامع خادم اولاد علي يتيم

مستوطن بارہ سادات کي برہنگي بيقدري کيسي ہيچ مجلس دانشوران

نکتہ سنجان کي لايق واہ واہ تحسين وآفرين کي نہين بس

خجالت سي جامہ سياہي مين ڈبوا ور صفحہ کاغذ کي سر

نگون ہي اگر ہيچ حضور خداوند نعمت والا منقبت روشن

ضمير صايب تدبير اميرابن اميردانش پرست عقل پرور

جان ہارس نوردانگريز بہادر دام اقبالہ کي مين بخشش

کريمانہ سي خلعت تحسين کا ہاوين ہمتاب جواہر آفتاب عالمتاب

کي جہمگين بجاہي يا ہموزن گوہر آبدار اختر درخشندہ دريائے

نيلگون فلک دوار کي چمکي سزاہي اسواسطے کہ اوپر اسم

شريف کي صورت اختتام کي پائي تہا روز بہتر و

رجب کي سال بارہ صد ز ہجرت نبوي جب لکہا يہ

غم ہر ورد خيال دلمين کيا کيا لکہون مين اسکا نام

لکہا قلم ني نوائين جان ہارس خوردہ

MuL 119

Library Digitised Collections

Author/s:
Ford, John Horace.

Title:
Navain

Date:
1200 [1785-6?]

Persistent Link:
http://hdl.handle.net/11343/23283

File Description:
Navain